www.khurshideqbal.com

اک نیا تاج محل

تو ہے ممتاز میں ہوں شاہ جہاں
آ، نیا تاج پھر بنائیں ہم
ساز ہستی پہ نغمۂ الفت
آ، زمانے کو پھر سنائیں ہم

یہ ضروری نہیں کہ تاج اپنا
سنگ مرمر کی اک عمارت ہو
فرط جذبات کو عیاں کرنا
قیمتی پتھروں کی قسمت ہو

تاج تو نام ہے محبت کا
سنگ مرمر میں اک رعونت ہے
پیار گر کنکروں میں پنہاں ہو
سنگ مرمر کی کیا ضرورت ہے؟

فکر کیا ہے اگر ہے تو مفلس؟
میں اگر ہوں غریب کیا غم ہے؟
بکھری بکھری حیات میں اپنی
دل کی دولت ہے یہ کہاں کم ہے؟

اینٹ سے پتھروں سے مٹی سے
ایک چھوٹا سا گھر بنائیں گے
چاندنی کی حسین کرنوں میں
خوشنما پھولوں سے سجائیں گے

www.khurshideqbal.com

www.khurshideqbal.com

تاج سے بھی حسیں وہ گھر ہوگا
ہوگا اپنی وفا کی وہ تفسیر
مہر والفت کے سچے جذبوں کی
نظر آئے گی سب کو اک تصویر

خورشید اقبال

B. L. No. 5, H. No. 5, Galaxy Apartments, 3rd Floor, Flat No. 303
Kankinara, North 24 Parganas, West Bengal, India, PIN 743126
Email: keqbal@gmail.com
Website: www.khurshideqbal.com

www.khurshideqbal.com